نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغاخان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

## پریس ریلیز

### صوبائی وزیر زراعت ولائیوسٹاک سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت اعلی سطحی اجلاس کا انعقاد

### اجلاس میں وزیر اعلی پنجاب کے محکمہ زراعت کے لیے منظور شدہ منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا

### وزیر اعلی پنجاب کے ویژن کے مطابق پنجاب ایگر کلچر ٹرانسفارمنگ پروگرام کے تحت زرعی شعبہ میں کسانوں کی ترقی وخوشحالی کے لیے فقید المثال اقدامات اٹھائے جارہے ہیں۔ صوبائی وزیر زراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی

**لاہور،19 اگست 2024**:وزیر اعلی پنجاب کے ویژن کے مطابق پنجاب ایگر کلچر ٹرانسفارمنگ پروگرام کے تحت زرعی شعبہ میں کسانوں کی ترقی وخوشحالی کے لیے فقید المثال اقدامات اٹھائے جارہے ہیں۔ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر زراعت ولائیوسٹاک سید عاشق حسین کرمانی نے زراعت ہاؤس لاہور میں اعلی سطحی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا جس میں وزیر اعلی پنجاب کے محکمہ زراعت پنجاب کے لئے منظور شدہ منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔

اجلاس کے دوران صوبائی وزیر زراعت سید عاشق حسین کرمانی کو بتایا گیا کہ اب تک 6 لاکھ 67 ہزار سے زائد کاشتکاروں نے وزیر اعلی پنجاب کسان کارڈ کے لیے آن لائن درخواستیں جمع کروائی ہیں، سکروٹنی کے بعد 2 لاکھ 20 ہزار سے زائد درخواستیں منظور ہو چکی ہیں اور کسان کارڈ کے لیے اہل کاشتکاروں کو منظوری کے پیغامات ارسال کیے جارہے ہیں۔ صوبائی وزیر کو بتایا گیا کہ کسان کارڈ کے لیے اہل نہ ہونے والے زیادہ تر کاشتکار وہ ہیں جن کا اپنا شناختی کارڈ نہیں بنا ہوا ہے۔ اس موقع پر صوبائی وزیر زراعت سید عاشق حسین کرمانی نے ہدایت کی کہ کسان کارڈ منصوبہ کی ٹائم لائن کے مطابق کسانوں کی طرف سے آنے والی درخواستوں کی رجسٹریشن کو روزانہ کی بنیاد پر بڑھایا جائے۔ انھوں نے رد کی جانے والی درخواستوں کی وجوہات کو فوری طور پر دور کرنے کے احکامات جاری کئے۔ صوبائی وزیر زراعت نے ہیلپ لائن اسٹیٹس کے بارے میں استفسار کیا اور محکمہ زراعت کے کال سنٹر میں ڈیوٹی پر موجود تمام ملازمین کو اپنی ذمہ داریاں خوش اسلوبی سے انجام دینے کی ہدایت کی تاکہ کسانوں کی رجسٹریشن سے متعلقہ امور میں بروقت رہنمائی کی جاسکے۔انھوں نے کسان کارڈ کی لانچنگ سے پہلے کارڈز کی تقسیم و ترسیل کے مکمل کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ صوبائی وزیر زراعت نے کسانوں کی سہولت اور آسانی کے لیے کارڈ کی ایکٹیویشن آٹو مشین

سسٹم کے تحت کرنے کی ہدایت کی تاکہ کارڈ کی ایکٹیویشن کے ساتھ ہی وہ خریداری کر سکے۔ صوبائی وزیر کو بتایا گیا کہ ایک ہزار ایگریکلچر گریجویٹس کی ایک سال کی بھرتی کے لیے 5 ہزار 3 سو درخواستیں موصول ہوئی ہیں جن میں سے 9 سو درخواستیں رد ہو گئی ہیں جبکہ 4 ہزار 3 سو 77 ایگری گریجویٹس کے ڈسٹرکٹ لیول پر ڈپٹی کمشنرز کی زیر نگرانی انٹرویو مکمل ہو گئے ہیں۔ صوبائی وزیر نے ان گریجویٹس کی بھرتی کے عمل میں شفافیت اور میرٹ کو ہر صورت ملحوظ خاطر رکھنے کے احکامات جاری کئے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ وزیر اعلی کی منظور شدہ سولرایزیشن آف زرعی ٹیوب اسکیم پر عملدرآمد میں حائل مسائل کو جلد از جلد حل کرنے کی ضرورت ہے۔ صوبائی وزیر زراعت کو بتایا گیا کہ ایک ہزار سپر سیڈرز میں سے 9 سو 71 کی بکنگ ہو چکی ہے، 2 سو 72 تیار ہو گئے ہیں جبکہ ایک سو 26 مکمل ہونے والے ہیں۔ کوالٹی انسپیکشن کے بعد 81 سپر سیڈرز کسانوں کو ڈلیور ہو چکے ہیں۔

سیکرٹری زراعت افتخار علی سہو نے اس موقع پر کہا کہ ہمارے محکمہ کا مقصد کسان کارڈ کے لیے درخواست دینے والے کاشتکاروں کی نااہلیت کو زیادہ سے زیادہ کم کرنا ہے تاکہ بڑی تعداد میں کسان اس اسکیم سے مستفید ہو سکیں۔ انھوں نے کہا کہ کسان کارڈ وزیر اعلی پنجاب کا ایک بہت بڑا پروگرام ہے جس سے پنجاب میں مارچنٹ اکانومی کا قیام عمل میں آئے گا۔ انھوں نےکہا کہ سپر سیڈرز کے استعمال سے سموگ کنٹرول پروگرام میں مدد ملے گی۔ افتخار علی سہو نے مزید کہا کہ صوبہ میں پیاز اور ٹماٹر کی کاشت و پیداوار میں اضافہ کے لیے عملی اقدامات اٹھائے جا رہے

اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری زراعت پلاننگ کیپٹن (ر) وقاص رشید، ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع چوہدری عبدالحمید، ڈی جی زراعت اصلاح آبپاشی پنجاب ملک محمد اکرم، پنجاب بنک کے گروپ چیف کارپوریٹ اینڈ انوسٹمنٹ نوفل داؤد اور اربن یونٹ کے نمائندوں سمیت دیگر اعلی افسران نے بھی شرکت کی۔

☆☆☆☆